ڈسٹرکٹ پولیس شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز(188)

مورخہ 03.04.24

**بہاول پور(      )ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر اسد سرفراز خان کی زیر کمانڈ جرائم پیشہ افراد کے خلاف گرینڈ آپریشن جاری، گزشتہ روز کی مختلف کارروائیوں میں 21 ملزمان گرفتار۔ بھاری مقدار میں شراب، منشیات و اسلحہ ناجائز برآمد۔ جرائم پیشہ افراد کے خلاف جاری کارروائیوں کو مزید تیز کیا جائے، روزانہ کی بنیاد پر ہر تھانے کی پراگرس چیک کی جارہی ہے، ڈی پی او اسد سرفراز خان**

تفصیلات کے مطابق ڈی پی او اسد سرفراز خان کی طرف سے جرائم پیشہ افراد کے خلاف جاری مہم میں بڑی کامیابیاں ملنے کا سلسلہ جاری ہے۔ تھانہ بغداد الجدید، کینٹ، سمہ سٹہ، صدر احمد پور شرقیہ، خیر پور ٹامیوالی اور تھانہ سٹی حاصل پور پولیس نے شراب فروشوں کے خلاف کارروائیاں عمل میں لاتے ہوئے 06 ملزمان کو گرفتار کر کے انکے قبضہ سے 40 بوتلیں ولائتی شراب، 270 لیٹر دیسی شراب اور 02 عدد چالو بھٹیاں برآمد کر لیں۔ اسی طرح تھانہ سول لائنز، صدر بہاولپور، سٹی احمد پور شرقیہ، ڈیرہ نواب صاحب، ہیڈ راجکاں، تھانہ ڈیراور اور عباس نگر پولیس نے منشیات فروشوں کے خلاف کارروائیاں کرتے ہوئے 07 ملزمان کو گرفتار کر کے ان کے قبضہ سے 04 کلو 940 گرام چرس اور 20 گرام کرسٹل آئس برآمد کر لی۔ جبکہ اسلحہ ناجائز رکھنے والوں کے خلاف گھیرا تنگ کرتے ہوئے تھانہ سول لائنز، صدر بہاولپور، صدر احمد پور شرقیہ، ہیڈ راجکاں، عنائتی، صدر حاصل پور اور قائم پور پولیس نے 08 ملزمان کو گرفتار کر کے ان کے قبضہ سے 05 عدد پسٹل 30 بور، 01 عدد کاربین 12 بور 01 عدد بندوق 12 بور اور 01 عدد ریوالور 32 بور برآمد کر لیا۔ پولیس نے گرفتار ملزمان کے خلاف علیحدہ علیحدہ مقدمات درج کر کے تفتیش شروع کر دی۔ اس موقع پر ڈی پی او اسد سرفراز خان نے اپنے پیغام میں کہا کہ جرم جیسا بھی ہو قانون سے کسی صورت بچ نہیں سکتا، سماج دشمن عناصر کے خلاف جاری آپریشن کو مزید تیز کیا جارہا ہے، انہوں نے مزید کہا کہ جرائم پیشہ افراد کا تعاقب جاری رکھا جائے گا۔

**ترجمان بہاولپور پولیس**



بہاول پور: ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر اسد سرفراز خان کی زیر کمانڈ جرائم پیشہ افراد کے خلاف گرینڈ آپریشن جاری گزشتہ روز کی مختلف کارروائیوں میں متعدد ملزمان گرفتار، بھاری مقدار میں شراب، منشیات و اسلحہ ناجائز برآمد

ڈسٹرکٹ پولیس شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز(189)

مورخہ 03.04.24

## بہاول پور(      )ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر اسد سرفراز خان کی کمانڈ میں تھانہ بغدادالجدید پولیس کی شراب فروشوں کے خلاف کامیاب کارروائی، ولائتی شراب کی بڑی کھیپ برآمد، شراب سپلائی کرنے والا ڈیلر گرفتار، مقدمہ درج ۔ بہاولپور کو منشیات فری زون بنانے کا عزم ہر صورت پورا کیا جائے گا، ڈی پی او اسد سرفراز خان

تفصیلات کے مطابق ڈی پی او بہاولپور اسد سرفراز خان کی طرف سے جرائم پیشہ افراد کے خلاف جاری مہم میں بڑی کامیابیاں ملنے کا سلسلہ جاری ہے۔ایس ایچ او تھانہ بغدادالجدید عابد حمید نے اپنی ٹیم کے ہمراہ خفیہ انفارمیشن پر کامیاب کارروائی عمل میں لاتے ہوئے موٹر سائیکل پر شہر و مضافات کے مختلف علاقوں میں شراب سپلائی کرنے والے ڈیلر تنویر مسیح کو گرفتار کر کے اس کے قبضہ سے ولائتی شراب کی 40 بوتلیں برآمد کر کے تفتیش شروع کر دی۔شراب فروشوں کے اس نیٹ ورک میں شامل باقی ملزمان کو بھی جلد گرفتار کر لیا جائے گا۔ بہاولپور کو منشیات فری زون بنانے کا عزم ہر صورت پورا کیا جائے گا۔منشیات و شراب فروشوں کے خلاف کریک ڈاؤن کا سلسلہ مزید تیز کیا جا رہا ہے۔ڈی پی او اسد سرفراز خان نے اس حوالے سے بات کرتے ہوئے کہا کہ ایسا گھناؤنا کاروبار کرنے والے افراد کو کیفر کردار تک پہنچایا جائے گا۔بہترین کارکردگی پر ڈی پی او اسد سرفراز خان نے تھانہ بغدادالجدید پولیس کو شاباش دی۔

ترجمان بہاولپور پولیس




بہاول پور: ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر اسد سرفراز خان کی کمانڈ میں تھانہ بغدادالجدید پولیس نے شراب سپلائی کرنے والا ڈیلر گرفتار کر کے ولائتی شراب کی بڑی کھیپ برآمد کی

ڈسٹرکٹ پولیس آفس/شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز (190)

03.04.24

**بہاولپور( )ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر اسد سرفراز خان کا شہریوں کے مسائل ترجیحی بنیادوں پر حل کرنے کیلئے روزانہ کی بنیاد پر اپنے دفتر میں کھلی کچہری کا انعقاد،12 سے زائد شہریوں نے اپنے مسائل ڈی پی او کے سامنے رکھے،انفرادی طور پر متعلقہ افسران کو درخواستوں پر دیئے گئے وقت میں مسائل حل کرنے کے احکامات جاری کیے۔**

**کھلی کچہری کا مقصد ہیکہ شہریوں اور پولیس افسران کے درمیان خلیج نہ رہے،ڈی پی او اسد سرفراز خان**

تفصیلات کے مطابق وزیر اعلی پنجاب اور انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب کے ویژن اور احکامات کی روشنی میں ڈی پی او اسد سرفراز خان کی روزانہ کی بنیاد پر اپنے دفتر میں کھلی کچہری کے دوران 12 سے زائد شہریوں کے مسائل دریافت کئے۔ڈی پی او نے کھلی کچہری میں تمام سائلین کو فرداً فرداً تفصیل سے سنا اور انفرادی طور پر متعلقہ افسران کو بذریعہ فون کال بروقت قانونی کارروائی اور واپسی رپورٹ کے احکامات جاری کیے۔کھلی کچہری میں ڈی پی او نے متعدد سائلین کی درخواستوں پر انکوائریوں کا حکم دیا اور متعدد درخواستوں پر احکامات جاری کئے کہ ایس ایچ اوز اور تفتیشی افسران خود پیش ہو کر مقدمات کی پراگرس کے متعلق بتلائیں۔ڈی پی او نے کھلی کچہری میں شہریوں سے بات کرتے ہوئے کہا کہ کھلی کچہری کا مقصد ہیکہ شہریوں اور پولیس افسران کے درمیان خلیج نہ رہے اور تمام جائز مسائل بروقت حل ہوں۔انہوں نے مزید کہا کہ مقدمات کو طے شدہ ضابطہ کے مطابق بروقت یکسو نہ کرنا اور شہریوں کو انصاف فراہم نہ کرنے والے افسران سے جواب طلبی کی جا رہی ہے،سرکل اور تھانہ جات میں موجود افسران شہریوں کو پہلی فرصت میں انصاف فراہم کریں۔انہوں نے ایس ڈی پی اوز اور ایس ایچ اوز کو ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ عوام الناس کے مسائل ان کی دہلیز پر ہی حل کیے جائیں اور ان کے ساتھ بہتر رویہ اپنائیں۔عوام کی خدمت اور ان کے جان و مال کا تحفظ ہماری اولین ذمہ داری ہے۔جبکہ شہریوں کا کہنا تھا کہ ہم بہت مطمئن ہیں کہ ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر خود ہمارے مسائل سن کر فوری متعلقہ افسران کو حکم جاری کرتے ہیں جس سے انصاف کا بول بالا ہو رہا ہے۔

**ترجمان بہاولپور پولیس**






بہاول پور: ڈی پی او اسد سرفراز خان اپنے دفتر کے باہر کھلی کچہری میں سائلین کے مسائل سننے کے بعد احکامات جاری کر رہے ہیں